© rasailojaraid.com

بحث کی ہے۔ اس بحث میں انہوں نے نہ صرف معاشی مسائل کے مختلف پہلوؤں کا ناقدانہ جائزہ لیا ہے بلکہ قارئین کو تازہ ترین اعداد و شمار بھی فراہم کیے ہیں۔ چونکہ یہ کتاب طلبہ کے مطالعہ کے پیش نظر لکھی گئی ہے اس لیے اس کا انداز کلاس نوٹس کا سا ہے۔ اور اس مقصد میں یہ بڑی کامیاب کوشش کی ہے۔ طلبا کے علاوہ دوسرے اہل علم حضرات بھی اس سے کافی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ طباعت کا معیار گوارا ہے۔

**بہنوں کی کتاب، پہلا حصہ، دوسرا اور تیسرا حصہ**
تصنیف: نظر زیدی۔ قیمت پہلا حصہ ۸، دوسرا ۱۵ اور تیسرا ۱۴ آنے
شائع کردہ: ادارۂ خواتین - اچھرہ۔

بہنوں کی کتاب کے یہ تینوں حصے بچیوں کو ابتدائی تعلیم دینے کے لیے لکھے گئے ہیں۔ ان کو پڑھنے کے بعد ایک بچی اردو کی آسان اور سہل کتابیں پڑھنے کے قابل ہو جاتی ہے۔ معیار کتابت و طباعت عمدہ ہے۔

---

## (بقیہ تحریک اصلاح مذہب کا اخلاقی پس منظر)

فان کیمپن یاش و اشک ۔۔۔ انہی خطوط میں اس امر کا اعتراف کرتا ہے کہ "اب عام لوگوں نے ایک ایسا طرز عمل اختیار کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ جیسے ہر برائی اور ہر قسم کا فسق و فجور جائز ہو چکا ہے۔ اب نہ تو کوئی خدا رہا ہے، نہ ہی یوم جزا" لوتھر کی اصلاحی تحریک میں شامل ہونے والے زیادہ تر وہی لوگ تھے جن پر اخلاقی پابندیاں گراں گذرتی تھیں اور جو اس تاک میں تھے کہ کسی طرح انہیں پس پشت ڈالا جا سکے، چنانچہ جس وقت انہیں اس بات کا موقع ملا تو وہ فوراً اس تحریک اصلاح مذہب میں شامل ہو گئے۔ اس سے نہ تو اُن پر کسی الحاد اور زندقہ کا الزام لگا اور نہ ہی ان کی خواہشات نفس پر کسی قسم کی پابندی عائد ہوئی ؏

رند کے رند رہے ہاتھ سے جنت نہ گئی

© rasailojaraid.com